

۳۱۷
اردو

اطلاع اس رسالہ کو سوائے شیعہ مذہب کے اور مذہب کے لوگ ازراہ عنایت نہ دیکھیں

بعون صناع مکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

للہ الحمد والمنہ کہ

موعظہ عظیم آبادیہ

جسکے اکثر مضامین کا ذکر زبانی مسجد شریف سرکار ∴
فیض مدار ∴ صدر شہیر ∴ امیر کبیر ∴ بدر منیر ∴ سی - آئی -
اے - جناب نواب سید لطف علیخان صاحب بہادر رضوی
رئیس اعظم عظیم آباد دام اقبالہ اور زاد اجلالہ
مین خود جناب واعظ نے فرمایا تھا نفع عام کے لیے
چھاپا گیا - بمقام لکھنؤ محلہ فراشخانہ وزیر گنج بتاریخ
پانزدہم ماہ شعبان المعظم ۱۳۰۴ھ بحسن سعی کارپردازان مطبع

در مطبع اثنا عشری باہتمام سید عابد علی رضوی طبع شد

فاسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون

لله الحمد والمنة کہ

موعظہ عظیم آبادیہ

جسکے اکثر مضامین کا ذکر زبانی مسجد شریف سرکار فیض مدار ازجمہ شہید
امیر کبیر شبد رنیر ڈ سی۔ آئی۔ اے : جناب نواب سید لطف علیخان
صاحب بہادر رضوی۔ رئیس اعظم عظیم آباد دام اقبالہ و زاد اجلالہ [illegible]
خود جناب واعظ نے فرمایا تھا نفع عام کے لیے چھاپا گیا۔

بمقام لکھنؤ

محلہ فراشخانہ وزیر گنج بتاریخ سوم ماہ

شعبان المعظم سنہ [illegible]ھ بحسن سعی کار پردازان مطبع بصحت تمام

در مطبع اثنا عشری باہتمام و بوسیلہ سید عابد علی طبع شد

باسمہ سبحانہ

یہ پاک ترجمہ زیارت ناحیہ پاک کا بطور وعظ اخیر تین جمعونمین چہلم کے مسجد شریف سرکار فیض مدار صدر شہیر امیر کبیر سیادت پناہ نجابت دستگاہ سید السادات رفیع الدرجات عالی مقامات امیر الامراء جناب نواب سید لطف علیخان صاحب بہادر رضوی دام اقبالہ وزراء اجلالہ مین کہ جو محلہ گذری شہر عظیم آباد مین واقع ہی بعد نماز بطور وعظ پڑھا گیا مع مضامین حق آگین حواشی کے اوسی عنوان سے کہ جسطرح سے جناب رضوان مآب اعلی اللہ مقامہ مصائب پڑھا کرتے تھے جسکی ماہیت جذبہ روح کی تاثیر ڈالتا ہی سامعون پر نہ لفاظی یا معانی بافی اگری کے زور سے کسی کو رولانا اور اسمعہ کربا وجودیکہ واعظ نے مضامین دل خراش مصائب روز عاشورہ پر اوٹھا رکھے اور اکتفا محض فضائل ہی کی اور بغیر سامان دلدل و تابوت وغیرہ کے نمونہ اوسی رقت و تاثیر کا ظاہر ہوا کہ جو جناب رضوان مآب کے پڑھنے مین روز عاشورا ظاہر ہوا کرتا تھا

نام سے اوس خدا کے کہ جو ترس کھانیوالا مہربان ہی

۲

سلام ساری خدائی مین سے چنندہ خدا کے نیک بندہ آدمؑ کو تسلیم + خدا کے اچھے اور چہیتے بندہ شیثؑ کو تسلیم + خدا کی دلیل قائم کرنیوالے اخنوخؑ کو تسلیم + جسکی دعا قبول تھی اوس نوحؑ کو تسلیم + خدا کی حمایت سے جسکی مدد کی گئی اور ہودؑ کو

تسلیم + خدانے جسکے سر پر بزرگی کا تاج پنہایا اوس صالحؑ کو تسلیم + خدانے جسے
اپنی یارانی کا رتبہ دیا اوس ابراھیمؑ کو آداب تسلیم + خدانے جسکے بدلے بکری
قربانی اپنی جنت سے بھیجی اوس اسماعیلؑ کو تسلیم + خدانے جسکی پاک
نسل مین پیمبری قرار دی اوس اسحاقؑ کو تسلیم + خدانے اپنی رحمت سے جسکی
آنکھون مین نور دیا اوس یعقوبؑ کو تسلیم + خدانے جس بیچارے بچے کو گہرے
کنوین سے چھٹکارا دیا اوس یوسفؑ کو تسلیم + خدا جسکے لیے نیل نامے اگم دریا پھاڑتا
چلا گیا اوس موسیٰؑ کو تسلیم + خدانے جسے اپنی پیمبری سے خاص کر دیا اوس
ھارونؑ کو تسلیم + خدانے امت کے مقابلہ مین جسکی پیچ لی اوس شعیبؑ کو
تسلیم + خدانے جسکی خطا بخشدی اوس داؤدؑ کو تسلیم + خدانے اپنی عزت سے
یعنی ترک اولی ۱۲
جن کو جنکے بس مین دیدیا اون سلیمانؑ کو تسلیم + خدانے دکھی بیماری سے جسے
بھلا چنگا کر دیا اوس ایوبؑ کو تسلیم + خدانے اپنے وعدہ کا مضمون جس سے
پورا کر دیا اوس یونسؑ کو تسلیم + خدانے جسے مرنیکے بعد جلا دیا اوس عزیرؑ کو
تسلیم + جو اپنی محنت جھیل گیا اوس زکریاؑ کو تسلیم + خدانے شہادت سے
جسکا رتبہ بڑھایا اوس یحییٰؑ کو تسلیم + خدا کی جان اور اوسکی بات اور زبان
عیسیٰؑ کو تسلیم + خدا کے چنندہ اور چہیتے بندہ محمدؐ کو تسلیم + اور جو اون کے
بھائی چارہ کے رتبہ سے خاص تھا اوس ابو طالب کے بیٹے علیؑ کو تسلیم +
اونکی دکھیاری بیٹی نور خدا فاطمہ زہراؑ کو تسلیم + اپنے باپ کے جانشین

ابو محمد حضرت امام حسنؑ کو تسلیم + جو اپنے دل کے ٹکڑے خون کے بہلنے مین من چلا بن کر گیا اوس مظلوم حسینؑ کو تسلیم جسنے بھی لگی اور کھلم کھلا ہر طرح سے خدا کی تابعداری کی اوس مظلوم کو تسلیم + خدا نے جسکی مٹی مین شفا دی اوس معصوم کو تسلیم + جسکے روضے کے گنبد تلے دعا قبول ہو اوس مظلوم تسلیم + جسکی پاک نسل سے امام قرار پائے اوس معصوم کو تسلیم + جسپر پیمبری ختم ہوئی اوسکے دلبند فرزند کو تسلیم + سب وصیون کے سردار کے فرزند کو تسلیم + فاطمہ بیوی کے دلبند کو تسلیم + بڑی خدیجہ کے میوۂ دل کو تسلیم + سدرۃ المنتہی کے فرزند کو تسلیم + جنت الماوی کے فرزند کو تسلیم + زمزم و صفا کے فرزند کو تسلیم + لہو سے نہائے ہوے مظلوم کو تسلیم + اوجڑے اور لٹے ہوے ڈیرے والے معصوم کو تسلیم + ستھرے کملی والون کے پانچوین معصوم کو تسلیم + پردیسیون کے پردیسی کو تسلیم + شہیدون کے شہید کو تسلیم + حرامیون کے ہاتھ سے جو مارا گیا اوس مظلوم کو تسلیم + کربلا کی اوجڑی زمین کے بسانے والے کو تسلیم + جسپر آسمان کے فرشتے پھکون پھکون روئے اوسی معصوم کو تسلیم + صاف ستھری نسل والے مظلوم کو تسلیم + خدا کے دین کے پیشوا کو تسلیم + خدا کی دلیلون کے اوجڑنے کے مقامونکو تسلیم + سفر کو امامونکے تسلیم + لہولہان گریبانونکو تسلیم + کملائے اور مرجھائے ہوے ہونٹونکو تسلیم + ناحق مٹی ہوئی جانونکو تسلیم + لٹی پٹی جانونکو تسلیم + ننگے بدنونکو تسلیم + بیحجے ہوے بدنونکو تسلیم + بہتے ہوے خونونکو تسلیم +

ٹکڑے ٹکڑے عضوونکو تسلیم - برچھی اور بھالون پر اوٹھے ہوے سرونکو تسلیم +
کھلم کھلا نکل پڑنے والیونکو تسلیم + حجت خدا کو تسلیم + آپکو اور آپکے بزرگونکو تسلیم +
آپکو اور آپکے شہید فرزندونکو تسلیم + آپکو اور آپکے حمایتی بال بچونکو تسلیم + آپکو اور آپکے
ہم بستر فرشتونکو تسلیم + بیکسی اور بے بسی سے جو مارا گیا اوس مظلوم کو تسلیم +
جسے ظلم کا ہلاہل زہر پلایا گیا اوسکے اوس ماںجائے کو تسلیم + حضرت علی اکبر کو
تسلیم + منہ سے دودھ پیتے علی اصغر کو تسلیم + جو برہنہ کر دیے گئے اون بدنونکو
تسلیم + قریب کے رشتے ناتے والونکو تسلیم + پتھر اور چٹیل میدانونمین جو کاٹکے ڈالدیے
گئے اون بدنونکو تسلیم + پلے ملے دیسون سے جو نکالدیے گئے اون پردیسیونکو تسلیم +
بے کفن کے جو توپ دیے گئے اون لوتھونکو تسلیم + دھڑون سے جو الگ کر دیے گئے
اون سرونکو تسلیم + خدا کی خوشی کے لیے ایذا سہنے والے کو تسلیم + بیکس و بے بس
اور بے یار و بے مددگار مظلوم کو تسلیم + ستھری مٹی مین رہنے سہنے والے کو تسلیم +
آسمان سے باتین کرنے والے برج والے کو تسلیم + خود خدا نے جسے گناہون کے میل
کچیل سے چندن کیطرح صاف ستھرا بنا دیا تھا اوس معصوم کو تسلیم + جسکی
خدمتگاری پر جبرئیل علیہ السلام کو ناز ہوا اوس مظلوم کو تسلیم + جسے میکائیل علیہ السلام نے
لوریان دیدے کے پالنے مین سلایا اوس نازپروردہ کو تسلیم + جسکی تابعداری کا
عہد توڑ ڈالا گیا اوس پیشوا کو تسلیم + جسکی آبرو خاک مین ملادی گئی اوس
بیکس و رہنما کو تسلیم + جسکا خون ناحق ہیکڑی سے بہایا گیا اوس یکہ

تنہا کو تسلیم + لہو سے گہاؤن کے جو نہلایا گیا اوس حجت خدا کو تسلیم

برچھی اور بہالون کے سہتے سہتے گھونٹ جسے پلائے گئے اوس پیاسے کو تسلیم +

جس کا خون حلال کر لیا گیا اوس مظلوم کو تسلیم + خدائی بھر مین سے جو

چھٹ گیا گیا اوس معصوم کو تسلیم + گنوئین گانون والون نے ترس کہا کے

جسکا گاڑنے تو پٹے کا ذمہ لیا اوس بیکس کو تسلیم + جسکے دل کی رگ کاٹ ڈالی گئی

اوس بے بس کو تسلیم + بے حمایتی طرفدار کو تسلیم + بے مددگار مددگار کو تسلیم +

لہو لہان ڈاڑھی کو تسلیم + مٹی بھرے گال کو تسلیم + کپڑے لتے چھنی ہوئی لاش کو

تسلیم + چھری سے کھنکھٹائی ہوئے دانت کو تسلیم + بھالے پر اوٹھائے ہوئے

شاہ

سر کو تسلیم + خونخوار بھیڑیے جنہین جھنجھوڑے کھاتے تھے + اور لاگو درندے

جنکے پاس رمنا بناتے تھے + سنسان جنگل کی اون ننگی لاشون کو تسلیم + اے

میرے سرپرست آپکو اور اون فرشتونکو جو منڈلایا اور ڈھیڈھیایا کرتے ہین

آپکے گنبد پر اور جو حلقہ باندھے رہتے ہین اور گھیرے رہتے ہین آپکی تربت کو اور

گرد پھرا کرتے ہین آپکی انگنائی کے اور اوترے چلے آتے ہین آپکی زیارت کو اون

سبکو تسلیم + مین نے تو آپکی لو لگائی ہے + اور آپکے آس پاس پہونچکے آپ کے

لطف و عنایت کے آس پائی ہے + پس آپکو میری تسلیم + جو آپکی عزت و آبرو

پہچانتا ہو اور آپ سے نری کھری الفت رکھتا ہو اور آپکی الفت سے خدا کا قرب

چاہتا ہو اور آپکے دشمنون سے دل سے گھن رکھتا ہو اوسی کیسی تسلیم کی میری

آپکو تسلیم اُسکے دل مین آپکی مصیبت سے گھاؤ پڑ گئے ہون اور دل کے زخم آرے ہون اور آپکے چرچے سے جسکی آنکھون سے آنسوون کے پرنالے بہگئے ہون اور مصیبت زدہ گریستے والے اور بیتاب خاکسار کیطرحکے میری آپکو تسلیم + جو کوئی کہ اگر رن مین آتا + اور کربلا کا لڑائی کا کھیت دیکھ پاتا + تو آپکو تو تلوار کی دھار سے بچاتا + اور آپکے بدلے اپنی جان سے من چلاپن کرجاتا + اور آپکے قدمون کے تلے رہی سہی اپنی جان موت کے حوالے کردیتا + اور آپکے آمنے سامنے کے جہاد اور شہادت کی نعمت ہاتھ سے نہ دیتا + اور آپسے ہیکڑی کرنے والے کی دو بدو آپکی حمایت اور پچ لینے سے منہ پھیر لیتا + بلکہ اوس کٹھن وقت مین اپنی جان اور بدن اور مال اور اولاد سب آپ پر سے وار تا + اور اپنے بال بچون کو آپکے لڑکے بالون پر سے تصدق اوتارتا + اوسیکی سے میری آپکو تسلیم + پھر اگر گردش زمانہ نے مجھے پیچھے ہٹایا + اور برے نصیب اور چھوٹی تقدیر سے مین نے آپکی پچ لینے کا موقع نپایا + اور مین آپکے لڑنے والون سے نہ لڑسکا + اور آپکو بیر رکھنے سے بیر کرکے نہ بگڑسکا + تو اب صبح و شام مین آپھی پر رونے پیٹنے اور بین کرنے مین بسر کرونگا + اور آپکی سوگواری مین کسیطرح چین نہ لونگا + اور آنسوون کے بدلے خون سے رونگا + اون مصیبتون پر جو آپنے اوٹھائی ہین + اور اون زحمتون پر جو آپنے پائی ہین + یہانتک کہ رنج ہی رنج مین دلکی بھڑک سے چین نپاؤن + اور دلکو مسوس کے رہ جاؤن + اور سب غم سے دم گھٹا ہوا ہی اوسی مین مین پھڑک کے مرجاؤن + گواہی دیتا ہون مین اسکی کہ آپنے نماز برپا کی + اور زکوٰۃ دی + اور بھلائی کا حکم دیا + اور برائی اور ظلم سے منع کیا +

۱۹

اور خدا کی تابعداری کبھی ہاتھ سے نہ دی + اور کبھی اوسکی نافرمانی نکی + اور اوسکی الفت کی
رسّی آپنے ایسے مضبوط تھامی + کہ اوسے خوش کر دیا + اور اوسکا خوف و ڈر اور حجاب و شرم کو
صدر بہ صدر کیا + پاک طریقے جاری فرمائے + اور فساد کے امر خوب مٹائے + اور
سچ کی راہونکی طرف بلایا + اور پائداری کے راستونکو خوب صاف اور روشن فرمایا +
اور جہاد کی داد دی + اور صبر کی بہادری کی + خدا کی اطاعت فرمائی + اور پیمبر کی پیروی سے
بھی ہمت نہ ہٹائی + اور اپنے والد ماجد کی بات سنی + اور اپنے ماںجائے کی وصیت پر
عمل کرنے مین بھی بہت پھرتی کی + دین کا کھنبا خوب اوٹھایا + اور سرکشی کی نیو کو خوب
ڈھایا + ہیکڑون کا سر کچل دیا + اور امت کی نصیحت سے کام لیا + موت کے اگم دریاؤ میں
پیر گئے + اجل کے توڑ کے دھارے کو تیر گئے + بدکارون سے کلہ بکلہ لڑے + او خدا کی
دلیلین قائم کرتے رہے + اسلام پر رحم فرماتے تھے + ۲۰ مسلمانون پر ترس کھاتے تھے +
سدا حق کی پچ کی + اور ہر بلا کی مصیبت جان پر جھیل لی + دین کو بچایا + او راوسکے
بیریونکو اوسکی سرحدونسے ہٹایا + ہدایت کی پچ لی + سراسر اوسکی مدد کی + برابر
اوسکی پاسداری فرماتے رہے + ہمیشہ ۲۱ انصاف پھیلاتے رہے + دین کی مدد کرتے رہے +
ایمان کی پشت پناہی کا دم بھرتے رہے + بیہودہ لوگونکو جھڑکتے روکتے رہے + زورآور کو
کمزور کا حق لینے سے ٹوکتے رہے + ۲۲ کمزور کا حق زور آور سے بزور دلواتے رہے + حکم مین
زبردست و کمزور کو برابر بتاتے رہے + انصاف مین شیر اور بکری کو ایک گھاٹ پانی
پلواتے رہے + ۲۳ یتیمون کے لیے آپ بجائے موسم بہار بے اشتباہ تھے + اسلام کی

عزت اور خلق خدا کی پشت و پناہ تھے + خدا کے حکموں کے نگہبان کان تھے + پابند زود رسانی [۲۴][۲۵]
و احسان تھے + لطف کا عہد کیا تھا + فیاضی کا گویا بیڑا اوٹھا لیا تھا + اپنے باپ اور
نانا کی راہوں پر چلے + اور وصیت مین اپنے مانجاے سے مشابہ رہے + ہر ایک کا
حق ادا فرماتے تھے + اپنی ذمہ داری کے امروں پر خوب وفا فرماتے تھے + آپ کی
خصلتین بہت چیدہ تھین + اور خوبیان نہایت پسندیدہ تھین + آپکی بزرگی [۲۶]
ظاہر و آشکار تھی + اور شب زندہ داری عیان و نمودار تھی + رات رات بھر جاگتے [۲۷]
رہا کرتے تھے + گھپا گھپ راتون مین نمازین پڑھا کرتے تھے :: طریقے آپکے بہت مضبوط
تھے + اور چال چلن نہایت مربوط تھے :: سابقہ آپکے بہت عظیم تھے :: اور احسانات [۲۸]
قدیم تھے :: حسب و نسب آپکا دل پسند تھا :: مرتبہ آپکا بہت بلند تھا :: صفتین بیشمار
تھین :: تعریفین ہزار و ہزار تھین :: غلاموں اور رعیت پر جو لگان لگاتے تھے ::
تو صریح طرح دیکھا تے تھے :: الغرض بڑے عدالت گستر تھے :: نہایت رعیت پرور
تھے :: نیکیان دستور تھین :: بخششین بھرپور تھین :: آپ بڑے نیک اور گمبھیر
تھے :: خدا سے لو لگانے مین بے نظیر تھے :: سخی واقف کار دانشمند تھے :: ناحق [۲۹]
کوشوں پر شدت اور سختی کرنیکے پابند تھے :: حکمرانی مین یکتا و وحید تھے :: پیشوا
اور شہید تھے :: خدا کے ڈر سے آہین بھرا کرتے تھے :: سدا اوسی کیطرف رجوع
کیا کرتے تھے :: ہر دل عزیز تھے :: آپ پر شیدا سب اہل تمیز تھے :: آپکا رعب
و دبدبہ کمال تھا :: ہر کس و ناکس آپکی وہشت سے بیحال تھا :: جو کوئی آپسے

آنکھ ملاتا تھا: تو اوسکا پتا پانی ہوجاتا تھا: رسول خدا کے فرزند تھے اور اونکے
دلبند تھے: بڑے مستند تھے: قرآن مجید کی سند تھے: دین کی آبرو تھے:
اور اس امت کی قوت بازو تھے: خدا کی عبادت میں آپکو بڑی کوشش تھی: اور
اوسکی اطاعت مین نہایت جوشش تھی: جو عہد و پیمان فرماتے تھے + اوسکی
نگہبانی سے کبھی نہ ہاتھ اوٹھاتے تھے + بدکارونکی بری راہون سے بڑا انحراف تھا
ایسا نیکیون کا ڈھب صاف صاف تھا + نماز مین بڑی کد فرماتے تھے + رکوع اور
سجدہ مین بڑی دیر لگاتے تھے + پابرکاب شخص کیطرح کی آپکو بھی دنیا سے نفرت تھی
اور ہر دم اوسپر نظر عبرت و حیرت: و وحشت تھی: ارمان اور آرزوئین آپکی اوسکی
طرف سے روک دی گئین تھین + اور چونپ کی ہمتین اوسکے سنگار کیطرف سے پھیر کے
توڑ دی گئین تھین + اور کنکھیونکی نظرین اوسکے جوبن کیطرف سے پھیر لی گئین تھین +
بلکہ الفت مین اوسکی سوت یعنی آخرت کی آپکو بڑی کد تھی + اور ریجھ آپکی اوسپر لوگونکے
زبان زد تھی، یہانتک کہ ہیکڑی نے اپنا ہاتھ بڑھایا + اور زبردستی نے اپنے چہرہ پر سے
نکتا اور گھونگٹ اوٹھایا + اور سرکشی نے اپنے پچھلگوونکو بلایا + جبکہ آپ روضہ
اقدس مین اپنے نانا کے بسے ہوئے تھے + اور ہیکڑون سے الگ تھلگ ہٹے ہوئے
تھے + گھر یا محراب عبادت مین سکونت پذیر تھے + اور سب لذتون اور خواہشون سے
گوشہ گیر تھے + برائی کو برا جانتے تھے ساتھ اپنے دل اور زبان کے + بقدر اپنے ہوتے
اور سکت اور امکان کے + پھر اس برائی سے گھن کھانیکی جاہنچ نے بے بس کردیا

ہ مضمون متفق الفاظ سب کے مضمون میں کلمات ... [illegible]

آپکو اور لازم کر دیا آپ پر کہ جہاد کر بیٹھین آپ بدکارون سے + اور لڑین گناہگارونسے +
تو اس جونپ مین نکل کھڑے ہوے آپ اپنے گھر سے غنچہ مین اپنے گھر والونکے +
اور ٹکڑی مین اپنے لڑکے بالون کے + اور ٹولی مین اپنے شیعون اور غلامون کے +
اور گوارا کر لیا اپنی جان پر درد سر حق کے بیان کرنے کا + اور راہ روشن کی عیان
کرنے کا + اور خدا کی راہ کو خوب دکھایا + اور دانائی اور اچھی نصیحت سے لوگونکو
اودھر بلایا + دین مبین کی حدونکی پابندی کا حکم دیا + اور خدا کی عبادت کا لوگونکو
پابند کیا + گھنونی برائیون سے اونھین روکا + اور ہیکڑی سے اونھین ٹوکا + لیکن
انھون نے حق کیطرف سے منہ پھیر لیا + اور دھینگا دھینگی اور ہیکڑپنے سے آپکا سامنا
کیا + تو پہلے تو آپنے عذر خواہی سے اونھین بہت سمجھایا بجھایا + اور حجت کو اونپر
تمام فرمایا + پھر اون کا رعب مانا + اور خدا کے لیے لڑائی کو اونسے ٹھانا + پھر تو نھون نے
آپکی بیعت اور آپکے عہد کو توڑ دیا : اور آپکے خدا اور آپکے نانا رسول خدا کو ناراض
کیا : اور پہل کر کے لڑائی بھڑائی کو آپسے شروع کیا : پھر آپنے بھی برچھیون کے
ہچکولون اور تلوارونکے وار جھیل جانے پر قدم گاڑ دیا : اور رکھ منڈل ڈالدیا
آپنے جتھاؤ مین بدکارون کے + اور جماؤ مین گنہگارونکے + اور غبار کے گرداب مین
دھنس پڑے + اور مار مار کے اونکے دل کے دل تتر بتر کیے + ذو الفقار شر بار سے
وار کیا + کہ اپنے والد بزرگوار حضرت امیر کے حملہ کو یاد دلا دیا + ایسے جو ملکے شپا شپ
وار لگاتے تھے + کہ حضرت امیر کی شان و شوکت دکھاتے تھے + پھر جب و نھون نے

آپکو ثابت قدم پایا + اور خوف و ہراس کا کہین نشان بھی اونکی نظر مین نہ آیا + تو مکر و
فریب کا جال بچھا دیا + اور مکر و فریب سے آپکو شہید کیا + اور پھٹکار زدہ نے اپنے
لاؤ لشکر کو یہ حکم کیا + کہ اونھون نے دریا کے گھاٹ پر جانے سے آپکو روکدیا + اور
آپکا پانی بند کیا + اور بڑی گہری لڑائی آپسے ٹھاندی + اور لڑائی کے سوا اونکی
اولاد لی مین لپ جھپ کی + اور تیرون مین اور بوڑیون مین آپکو پرو لیا + اور ڈھیڈ نے
کے ہاتھونکو اور ہتیلیونکو آپکی طرف بڑھا دیا + نہ آپکے حق اور عہد و پیمان کا پاس آیا +
نہ آپکے چھیتونکو کاٹ کے رکھدینے مین + اور آپکے خیمہ و خرگاہ کے لوٹ لینے مین +
کسی طرحکے گناہ کا وسواس آیا + اور آپ برابر غبارونکے دلونمین دھنسے جاتے تھے +
اور ایذاؤنکو سہے جاتے تھے + کہ آپکے اس سہارسے سب حیرت لاتے تھے + اور
آسمان تک کے فرشتے آپکا صبر دیکھ دیکھ کے دہم ہوے جاتے تھے + یہانتک کہ
ظالمون نے ہر طرفسے آپکو گھیر لیا + اور زخمون سے چور کر دیا + ابر کیطرح چھا گئے +
اور آپکے اور آپکی آرام گاہ کے بیچون بیچمین آگئے + اور آپکا کوئی حمایتی نہ بچا + اور
ہر حال مین صبر و خوشنودی خدا سے آپنے کام لیا + کہ اپنے ٣٨ لڑکے بالونکو بچاتے تھے +
اور یہ آفت آسمانی + اور بلاے ناگہانی + اونکے آس پاس سے ہٹاتے تھے + یہانتک
کہ اونھون نے بالکل مجبور کیا + اور خاص خاصہ پر سے اولٹ دیا + پھر تو گھائل ہوکے
زین پر سے گر پڑے + اور نڈھال ہوکے زمین پر آرہے + کہ ٣٩ سمون اور ٹاپونسے
گھوڑے آپکو روندتے تھے + اور آپ پر چڑھے چلے آتے تھے وہ ہیکر کہ بڑے بڑے

[illegible] ۱۲

کھانڈے جنکے ہاتھونمین کوندتے تھے۔ آپکے ماتھے پر موت کا پسینا آیا تھا + اور آپکے داہنے بائین نے پھیلاؤ اور کھچاوٹ کا عجب نقشہ کھایا تھا + اگرچہ گھربار لڑکے بالونکی فکر کا کیا محل تھا کہ اپنے ہی لالے پڑے تھے جان پر آبنی تھی + مگر فرط غیرت سے پھر بھی کنکھیون سے نگاہ خیمون ہی کیطرف لگی ہوے تھے + اور جب اسطرحسے آپنے زین خالی کیا + تو آپکے خاصہ نے یکبٹ منہہنانا اور بلبلاتا ہوا آپکی ڈیرن کا راستہ لیا + پھر جو وہ اسطرحسے مارا کوٹا ہوا اگنٹ چھوٹا ہوا بیچاری عورتونکو نظر آیا + اور اوسکا خالی زین لپٹا لپٹایا اولٹا اولٹایا ہوا پایا + تو تلملا اور بلبلا کے بیتاب ہو گئین اور رخسارون پر بال بکھراے ہوے سراپردہ سے باہر نکل پڑین کہ منہ پر طمانچے لگاتی تھین + بےبلا بے پردگی ہوئی تھی + عزت کے بعد ذلت ملی تھی + آپکو ڈہونڈھے پاتی تھین + آپکے گرنے کی جگہ پر بے تحاشا دوڑی چلی آتی تھین + اور شمر آپکی چھاتی پر چڑھا بیٹھا تھا : اور آپکے گلے مین اوسنے اپنا کھانڈا کاری پیرا دیا تھا : آپکی ڈاڑھی کو مٹھی سے پکڑ لیا تھا + اور اپنے سروہی کو آپکے گلے پر تیز کیا تھا + جو اس آپکے کندھے تھے + اور سانس کی شمار بند ہوئی تھی + ستر گھڑا کیا تھا + اور بڑی بچھوے برچھی پر اوٹھا دیا تھا + غلامون کیطرح آپکے بال بچے اسیر کیے گئے تھے + لوہے مین جکڑ لیے گئے تھے + اونہونکی تنگ محملون پر اونھین چڑھایا تھا + کہ دوپہر کی گرم لو کے لوکے نے اونکا منہ جھلستا تھا + اور میدانون میدان اور جنگلون جنگل اونھین پھرایا تھا + اونکے ہاتھون کو اونکی گردنو نمین لٹکایا تھا + اور اسی حال زار سے بازار بازار اونھین منڈایا تھا +

پس وقت ہی اون ہیکڑ بدکارون پر کہ جنھون نے آپکو قتل کرکے اسلام کا خون کیا +
اور نماز روزہ کو تجدیا + پیمبر کے طریقونکو توڑا + اور خدا کے حکمون سے منہ موڑا +
ایمان کی نیوونکو ڈھایا + قرآن کی آیتون مین ہیر پھیر کا رنگ جمایا + نافرمانی مین کمک
پڑے + ہیکڑی مین بکر کو گرنے لگے + آپ کی شہادت کیوجہ سے خدا کا
پاک بیکس اکیلا رہگیا + اور خدا کا کلام چھوڑ دیا گیا + اور حق سے غدر کیا گیا +
جب آپکو مغلوب کردیا گیا + ظالمون نے آپکو کیا اپنے ہاتھ سے کھو دیا + کہ حرام
حلال اور خدا کی بزرگی اور یکتائی کے چہچے کو اور آیتونکی عیان مضمونون کو
اور رازونکو بالکل برباد کیا + آپکی زندگی کے دن کیا تیر ہوے + کہ آپکے بعد بڑے
الٹ پلٹ اور بہت ایر پھیر ہوے + کفر و بدمذہبی اور بیکاری احکام خدا کا زور
ہوا + اور خواہشون اور گمراہیون اور آزمائشون اور بیہودہ باتونکا بڑا زور و
شور ہوا + پھر سنانی سنانے والے نے آپکی آپکے نانا پاک کی گور کے پاس
کھڑے ہوکے آپکی سنانی سنائی + اور اپنی آنکھون سے آنسوونکی جھڑی برسائی +
یہ کہکے کہ او پاک تیر انواسا اور تیرا اگیچھو مارا گیا + ناحق اوسکا سر تن سے اوتارا
گیا + تیرے بال بچونکا اور تیرے کنبہ کا کچھ و قر نجا نا گیا + نہ اوسکا کچھ رتبہ مانا گیا +
اور تیرے پردہ تیر سے پیچھے ستاسے گئے + بندے بنائے گئے + تیرے گھر پر
اور تجھ والون پر قیامت ڈھائی گئی + پھر تو شیکہ تلملا گیا + اور اوسکا دل رو رو کے
بلبلا گیا + اور فرشتونکے دل کے دل اور پیمبرونکے جتھ کے جتھ آنے لگے

اور اونھین سمجھانے لگے + اور آپکی والدہ کو صدا آپکا پرسادیا + اور آپکی والدہ ماجد کیخدمتمین + اور آپکی تعزیت تعزیت مین + الگ ہجوم کیا + کہ اگر ایک چلا جاتا تھا + تو فوراً دوسرا چلا آتا تھا + اور بہشت مین آپکی صف ماتم کو بچھا دیا + اوسکی وہانکی پریون نے آپکے غم مین اپنا منہ پیٹ لیا + بڑے بڑے صدمے اوٹھاے + اس غم مین خوب دوہتڑ لگاے + آسمان اور اوسکے رہنے سہنے والونکو اور بہشتونکو اور اوسکے خزانچیونکو + اور پہاڑونکو اور اونکے دوڑونکو + اور دریاؤنکو اور اونکی مچھلیونکو اور مکہ کو اور اوسکی نیوونکو + اور بہشتونکو اور اوسکے گبھرونکو + اور خدا کے گھر اور ابراہیم کے مقام کو + اور شعر حرام کو + اور حطیم و زمزم کو + اور منبر معظم کو + اس صدمہ نے خوب چھکون پھکون رولایا + اور اوبھرتے ہوے تارونکو + اور چمکتی ہوئی بجلیونکو + اور اور کڑکتی ہوئی گرجون کو + اور سنکتی ہوئی ہواونکو + اور اونچے آسمانونکو + بے انتہا کڑھایا + پس خدا ہی کی لعنت اور پھٹکار ہو اوسپر کہ جسنے آپکا خون ناحق بہایا + اور لوٹ کے آپکو بالکل ننگیایا + لاشونکو برہنہ کردیا + اور سب کپڑے لوٹ لئے اور ہتیارونکو چھین لیا + اور بیعت کرکے ہاتھ مین ہاتھ دیا + پھر برے وقت پر نہ ساتھ دیا + اور آپکی قدر نجانی + اور آپسے ناحق لڑائی ٹھانی + اور آپکو آپکے وطن سے نکالا + بیٹھے بٹھلاے ریرہ تی ستایا + اور لشکرونکا آپکے برخلاف پراجمایا + اور سرکشونکو آپکے ستانے پر اوبھار کے اوسکایا + اور خدا ہی کیطرف بری ہوتا ہون اور بیزاری کرتا ہون + حکم دینے والے سے اور اطاعت کرنیوالے + دونوسے + اور ظلم جوتنے والے + اور بالوں کرنیوالے + دونو

تو آلہی طفیل سے اس بزرگ مقام کے برکت کی کہ درود بہیج تو پیمبر پر+ اور اونکی آل اطہر پر+
اور خالص اعتقاد پر اور الفت پر اور اہلبیت کا مضبوط دامن تھانب لینے پر مجھے ثابت
قدم فرما+ اور اونکی محبت کی بدولت مجھ تک اپنا فیض پہونچا+ اور مجھے اوس سے نفع پانے
فرما+ اور مجھے اونھین کے زمرہ مین محشور کر+ اور اونکی سعی و سفارش و شفاعت سے
مجھے بہشت مین داخل کرکے میرا دل مسرور کر+ کہ تو ہی آرزوونکا سن لینے والا ہی+
اور ایسے مرادونکا بند وبست کردینے والا ہی+ کہ فیض تیرا بے انتہا ہی+ اور تیرا ترس سبکے
ترسون سے بڑھا ہوا ہی+ الٰہی اے وہ خدا کہ جو سب شمار کرنیوالون سے بڑھا ہی+ اور
سب بزرگون سے بڑا ہی+ اور سب حکم دینے والون سے برتر ہوا ہی+ تیری بارگاہ عزت کے
اور درگاہ رفعت مین مین وسیلہ گردانتا ہون اون محمدؐ کو کہ جنپر پیمبرونکا سلسلہ تمام
ہوا+ اور ساری خدائیکی طرف جنکی رسالت کا منصب عام ہوا+ اور اونکے اون
چچیرے بہائیکو کہ جو سب جانشینونسے نرالے تھے:: چندلے والے تھے:: جنکا پیٹ
بڑا تھا:: علم و حکمت سے جو لبالب بھرا تھا:: مکان شرع کے مکین تھے:: پیمبر کے
بلافصل جانشین تھے:: علےؑ بادشاہ مومنین تھے:: اور اون فاطمہؑ کو کہ جو
ساری خدائیکی عورتونسے بہتر ہین:: بہشت کی عورتونکی بھی سردار و افسر ہین::
اور اون حسنؑ کو کہ جو صاف ستھرے بے اشتباہ تھے:: پرہیزگارونکے جاپناہ تھے
اور اون اصغرؑ کے باپ حسینؑ کو کہ جو سب شہیدونکے سردار تھے+ اور اون
سب سے بہتر بے انکار تھے+ اور اونکی اون سب اولاد کو کہ جو تیری راہ مین ناحق کاٹکے

رکھدیے گئے + اوراون سب رشتے ناتے وا اون کو کہ جنپر قیامت کے ظلم کیے گئے +
اوراون حسینؑ کے بیٹے علیؑ کو جو بڑے زاہد عزلت گزین تھے + سب عابدونکے سرتاج
تھے + اوراون محمد باقرؑ کو جنھین خدا نے اگلون کا قبلہ بنایا تھا + اوراون
جعفر صادقؑ کو کہ جنھین سب سے زیادہ سچا قرار فرمایا تھا + اوراون موسیٰ کاظمؑ
کو کہ جنکا دل دلیلون کا خزینہ آشکار تھا + اوراوس علی رضاؑ کو کہ جو دین
مبین کا حامی و مددگار تھا + اوراوس محمد تقیؑ کو کہ جو ہدایت یافتہ لوگونکا
پیشوا تھا + اوراون علی نقیؑ کو کہ جنکا زہد سب سے بڑھ گیا تھا + اوراون حسن عسکریؑ
کو کہ سب جانشینونکی جانشینی جنھون نے فرمائی تھی + اور سبکی میراث جنکے
حصہ مین آئی تھی + اوراون مہدی آخر زمان کو کہ جو ساری خدائی پر
حجت خدا ہین + اور خدا کیطرف سے اون سبکے رہنما ہین + کہ رحمت بھیج تو ان
اوراوس پودہ لا پر + کہ جو بالکل سچے تھے + نک سکھ سے اچھے تھے + سردار
مومنین تھے + آل طٰہٰ و یٰسین تھے + اور یہ کہ گردان تو مجھے قیامت مین اون
لوگون مین سے کہ جو امان پائین گے + اور جنکے دل ٹھہر جائین گے + تپاک اور دھڑکا
جنھین نام نہو گا + اور اوس دن کی آپ دھاپ سے جنھین کچھ کام نہو گا + جو کامیاب
و فیضیاب و خوشباش ہونگے + اور خوشخبریان پانیوالے اور نہال نہال اور
بشاش ہونگے + الٰہی میرا چہرہ مسلمانونکے دفترین لکھ لے + اور نیکون مین مجھے
داخل کردے + اور پچھلون مین مجھے سچے زبان دے + ٹھیک ٹھیک مجھے بیان دے +

باعیون کے مقابلے مین میری پیچ لے + رشک والون کی چلتر سے مجھے بچا دے +
مکارون کے مکرون سے مجھے بچا + اور اونکے ظلم کے ہاتھونکو میری طرف سے ہٹا + سبکے
سردارونکے غنچہ مین بٹھا + بہشت مین اونکی خدمتمین پہونچا + جنکا تونے بڑا احترام
کیا ہی + اور جنپر اپنی نعمت کو تمام کیا ہی + پیمبرون اور سچون مین سے + اور شہیدون
اور اچھون مین سے + اپنی رحمت وکرم سے اے ارحم الرّاحمین + آلٰہی
مین قسم دیتا ہون تجھے تیرے بے گناہ نبی کی + اور تیری حکم قطعی کی + اور رازدار
تیری مناہی کی + اور اس قبر پاک کی کہ جو محدود و معین و معلوم ہی + اور جسکے
کول مین لٹایا ہوا امام معصوم ہی + کہ جو شہید و مظلوم ہی + کہ تو میرے رنج وغم
کو ہٹا دے + اور قطعی قضاؤ قدر کا شر میرے پاس سے ہٹا دے + اور اوس
آگ سے کہ جسسے لوکے لوکے اوٹھتے ہونگے مجھے بچا دے + آلٰہی اپنی نعمتسے
میرا رتبہ بڑھا + اور اپنی بٹوارے سے مجھے نہال نہال فرما + اور اپنی بزرگی اور سخاوتکی
پوشش مجھپر اوڑھا + اور اپنے چلتر اور اپنی لے دے کو مجھسے کوسون دور ہٹا +
آلٰہی ڈگمگاہٹ سے مجھے بچا + اور میری بول چال اور کام کاج کو سدہنا + اور میری
عمر کی گنجائش بڑھا + اور ہر دکھی بیماری سے مجھے بچا + اور ہر برکت سے میرے سردارونکے
اور اپنے فضل وکرم سے سبسے بڑھی ہوئی آرزو بر لا + آلٰہی رحمت نازل کر محمد
وآل محمد پر + اور میری توبہ قبول فرما + اور میرے اس آنسوونکی جھڑی پر
ترس کھا + اور ہاتھ تھانب کے مجھے لڑکھڑاہٹ سے بچا + بیچینی کو مجھسے دور کر +

اور میرا قصور عفو کرکے مجھے مسرور کر + میری اولاد کو نیک بنا + اونکے چال چلن
درست فرما + الٰہی اس بزرگ مقام مین + اور شہادت گاہ با احترام مین + نہ چھوڑ میرا
کوئی گناہ مگر یہ کہ تو اوسے عفو کرے + اور نہ کوئی عیب مگر یہ کہ تو اوسے ڈھانپ دے +
اور نہ کوئی رنج مگر یہ کہ تو اوسے ہٹا دے + اور نہ کوئی روزی مگر یہ کہ تو وہ مجھ تک پہونچا دے +
اور نہ کوئی رتبہ مگر یہ کہ تو اوسے بڑھا دے + اور نہ کوئی جھگڑا مگر یہ کہ تو اوسے سلجھا دے +
اور نہ کوئی آرزو مگر یہ کہ تو اوسے انجام کو پہونچا دے + اور نہ کوئی دعا مگر یہ کہ تو اوسے
مستجاب فرما دے + اور نہ کوئی تنگی مگر یہ کہ تو اوسمین گنجائش بڑھا دے + اور نہ کوئی
ساتھ مگر یہ کہ تو اوسے جُٹا دے + اور نہ کوئی کام مگر یہ کہ تو اوسے انتہا کو پہونچا دے +
اور نہ کوئی کام مگر یہ کہ تو اوسے بڑھا دے + اور نہ کوئی خو مگر یہ کہ تو اوسے اچھا بنا دے +
اور نہ کوئی خرچ مگر یہ کہ اوسے بچا دے + اور نہ کوئی حال مگر یہ کہ تو اوسے آباد بنا دے +
اور نہ کوئی بیری مگر یہ کہ اوسے دنیا کی پردہ پر سے اوٹھا دے + اور نہ کوئی دشمن
مگر یہ کہ اوسے ہلاکت مین پھنسا دے + اور نہ کوئی برائی مگر یہ کہ اپنی ذمہ داری سے
اوسے سرکا دے + اور نہ کوئی دور مگر یہ کہ اوسے بھڑا دے + اور نہ کوئی بیمار مگر
یہ کہ اوسے شفا دے + اور نہ کوئی گردمین آٹا ہوا پریشان مگر یہ کہ اوسے مطمئن بنا دے +
اور نہ کوئی درخواست مگر یہ کہ وہ عطا فرما دے + الٰہی مین مانگتا ہون تجھسے
بھلا دنیا کا + اور ثواب عقبیٰ کا + الٰہی مجھے اپنی حلال روزی کیوجہ سے حرام سے
بچا دے + اور اپنے فضل و کرم کے طفیل سے مجھے لوگونکے احسانون سے

محفوظ فرمادے + الٰہی مجھے مفید علم عطا فرمادے + اور دلکو لرزنے والا اور بہنے والا
بنادے + اور جا بیج کو پورا کر + اور ستھرے چلن کو نہ ادھورا کر + اور اچھا سہارا دے +
اور اوسکے بدلے اجر بیشمار دے + الٰہی اپنی نعمت کی شکر گزاری کی مجھے توفیق عطا فرما
اور اپنے فضل و کرم اور احسان کا مجھے احسان مند بنا + اور مجھے ایسی بات دے
کہ لوگونمین سنی جاے ، اور ایسا کردار دے کہ جو تیری طرف بلندی پاے ، اور نیکیونمین
میری پیروی کیجاے ، اور میرے دشمن کو ہلاکت کی سزا دیجاے ، الٰہی رات و دن کی
ہر گھڑی اور ہر پل مین محمدؐ و آل محمد پر رحمت نازل فرما ، اور مجھے بردنکی برائی سے
بچا ، اور گناہونکے میل کچیل سے چندن کیطرح مجھے صاف ستھرا بنا ، اور آگ سے
مجھے چھڑا ، اور ٹھراو کی جگہ مین مجھے بسا ، اور میرے اور میرے ایمانی بھائیون اور
بہنون کے سب گناہ عفو فرما ، اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین +

حررہ بیمناہ خادم الشریعہ علی محمد بن سلطان العلماء

تمت

خلاصہ علم اخلاق کا یہ ہے کہ قوت ادراک و عقل کو جیسا خدا نے نسبتاً بلند مقام پر دیا ہے یعنے دماغ میں خواہ اسطور پر کہ یہ قوت دماغ میں پیدا کی ہے جیسا کہ
حکیموں وغیرہ میں مشہور ہے یا اس طور پر کہ مبدا اسکا قلب ہے اور ظہور آثار اور حکمرانی کا محل دماغ ہے جیسا کہ اقرب بصواب ہے بہر طور عقل کی جگہ ہے اوپر
کھوپری میں ہے پس جسطرح وہ اونچی سب عضووں سے ہے اسیطرح سے اسکی حکومت کو بھی بالا اور نافذ اور سب اخلاقی قوتوں پر رکھی اور اسی طرح
شاخوں کو اونکے شاخوں پر اور مراد اور اخلاقی قوتوں سے غصہ ہے اور مراد بیچ شاخوں اور مقام اسکا دل ہے کہ وہی خون عمدہ کا مجمع اور معدن ہے اور
غصہ مادہ سے خون سے ہوا کرتا ہے اور مقام اسکا بیچ کے مقام کے طرح ہے اور عقل سے نیچا اور کبد یعنے کلیجہ وغیرہ سے اونچا ہے اور وہ کلیجہ خواہش
کا اور ماوے کے شاخوں کا مقام ہے پس غصہ زبردست عقل کا ہوا اور بالادست خواہش کا اسیلیے اخلاقی حکیموں نے لکھا ہے کہ غصہ مصلح خواہش کا
یعنے غصہ عقلی اور مثال اسکی یہ ہے کہ کسینے فاقہ میں ایک سوکھی روٹی بازار میں پڑے دیکھی تو ضرور اوسکے لانیکو خواہش اوسے آمادہ کریگی
اور وہ مربکو کسیطرح جھپٹ سے اوسکے اوٹھانیکو لیکن اگر وہ اوسکا اتالیق اپنے غصہ کو کریگا جسکے شاخ تکبر ہے اور اپنی شیخی کے لحاظ سے سوچیگا
کہ ساری بازار مجھے دیکھ رہی ہے یا کیا کہیگی کہ ہا یہ کیا ندیدہ تھا کہ اتنی سے سوکھی کھوکھری روٹی پر ایسا موہ کے بھوکر تو خواہ مخواہ چشم پوشی سے
وسکے بیجا لالچ پر یہ پیگا اسیطرح اس غصہ کی بیاعتدالی کا علاج عقل سے ہوگا کہ یہ سب اس وقت کی حاجت پر نظر رکھنے والے ہیں اور عقل
دوربین اور انجام دیکھنے والے اور انکے روک ٹوک کرنے والے خواہش تو یہی کہیگی کہ بھوکی ہو یہ کھانا کھالو یا غصہ کہیگا کہ لڑو ایمین [illegible]
[illegible] ہو لیکن عقل کہیگی کہ اس کھانیکو نہ کھانا کہ مثلاً اسمین زہر ملا ہے اسوقت کی بھوک کے زحمت سے بہی زیادہ زحمت ہوگی بلکہ جان ہی جائیگی
پہنچیگی اسیطرح غصہ کو سمجھائیگی کہ لڑائی ہوئی تو ہوئی ملاپ ہو جائیگا کسینے برا کہا تو وہ لگا نہ رہیگا اگر چوٹ وغیرہ لگی ہو تو وہ بہی جاتی رہیگی
اور آخر میں راحت ملیگی مگر جو جان گئی تو سب لذتوں اور راحتوں سے محروم بہی ہوئے اور رہا کمندنی کی زحمت بہی جہیلی پس یہ دونو شیخ
دونو لڑکوں کی طرح ہوئے اور عقل اخوند کیطرح ہے اون کے درست کرنے والے ہوئے کہ ہرایک کو اوس کے زیادتی سے بہی روکے اور ایک
کو ایک کے جھگڑے سے بہی اوسے بچائے اور اونکے قصہ سلجھائے اور سب نیکیاں عقل کی شاخین ہیں یا ذرتسب برائیاں یہ تو خواہش کے یا نتیجہ
غصہ کے اور ہنوز کسی قوم نے ترقی نہیں کی مگر خورش اخلاق کی پابندی سے اور جب کبھی کسینے تنزل کیا ہے تو غصہ یا لالچ وغیرہ کے پابندی سے کیا
ہر شخص کے ذاتی حالتوں ہی کے درستی سے تو اون کے گہر کی درستی ہوگی پس یہی تہذیب اخلاق ایک جز تدبیر المنزل کا ہو یعنے خانہ داری کے
دانائی اور گھرداری کی سمجھ کا اور کیا شک ہے کہ جب کبھی کسے گہر کی ترقی ہوئی تو اسیکی پابندی سے اور جب کوئی خانہ بربادی ہوئی ہے تو اسی کے
برخلافی سے [illegible] ظاہر ہے کہ جس شہر کے کل گہر دانائی سے معمور ہونگے تو وہ شہر کیونکر نہ آباد ہوگا اور گہروں کے تباہی سے وہ کیونکر نہ برباد ہوگا پس
درستی کی سمجھ جز ہوئے سیاست مدن یعنے انتظام شہر کے دانائی کا اور جو اقلیم و ملک بسا ہے جب کبھی وہ اسیکے گردن کے برتاؤ سے اور جو تباہ
وہ اوسیکے برخلافی سے پس ابتدا کبر آدمی کے چال چلن کا کتنا اثر پڑتا ہے جانوں پر اور شہروں پر اور گہروں اور شہروں اور اقلیموں
پہر کل مذہبوں کا بہی مدار اسی درستی چال چلن پر اور نجات اخروی کا بہی اسیمین پر مدار ہے پس کیسا فیض ہوا اوس علم کا کہ جا اخلاق درست
کردے اور کیا حق ہوا اوسی شخص کا کہ جو اونکا درست کرنے والا ہوا اور اسی لیئے حکمت اخلاق میں لکھا ہے کہ استاد کا حق خدا کے حق سے کم اور
ماں باپ کے حق سے بڑا ہے کہ وہ اولاد کے جسمانی تربیت کرتے ہیں اور استاد روحانی تربیت کرتا ہے اور بہر طور اگر جو فائدہ اور فیض آ[illegible]
[illegible] علماء [illegible] زیادہ [illegible]

مبنی یا طبع آزمائی کو دخل ہو بلکہ یہ عملی ہی اور کار اور کرتب اور مشق اور ڈہب کو اسمین دخل ہی چنانچہ بعضے متوسط ملا اپنی حماقت سے یہ سمجھی کہ یہ تو سب صاف
باتین ہین اسمین کیا غور کرنا مشکل علم حکمت کے منطق وغیرہ کیطرح قابل طبع آزمائی تھا لاکر اون سب سے زیادہ اس علم مین اپنی گفتار کو کردار مین نازک
خیالی اور دور بینی اور نکتہ سنجی کرنا پڑتی ہی اور اصول اور شرائط عقلی پر پابند عقل ہو جانا اور غصہ اور لالچ کی بہندی مین نہ پہنسنا کسی خبر یا کل امر مین یہ
امکان عادی سے باہر ہے ناطق داس اس لیئے پیمبر و امام ہدایت فرما فرما کے تھکے اور لوگون نے بد اخلاقی نہ چہوڑی بلکہ خود اونہین ہادیون سے
ایسے بداخلاقیان کین کہ جو مشت از بام افتادہ ہین پہر اخلاقی حکیم جا بجا اگرچہ نصیحت کرنے کرتے اور کچھ مفید نہوا اور اسیلئے کبھی یہ شبہہ ہوتا ہی کہ پہر تعلیم علم
اخلاق کا کیا فائدہ اور اسکا جواب ہم جو ہر فرد مین دیکھ چکے ہین اور علاج تبا چکے ہین کہ دلشتہ حکمت و دانائی ہی اپنی قوم مین کہ جب اونکے سمجھ پہر یگی تو
پیچھے بات زیادہ اونکے دلین اثر کریگی چنانچہ جو بات بچا دس دفعہ مین نہ سمجھی اور بے مار پیٹ کے وہ او سکے سمجھ مین نہ آئی سمجھدار او سے ایک ہی دفعہ
مین سمجھ لیتا ہی اور ایک عمدہ سبب کمی کا خوشش اخلاقی کی یہ ہی کہ او سکا مدار عقل پر ہی اور عقل کا رو جہر اور وہ ایک ہی جز ہی انسان کا اور غصہ اور خواہش
کہ جو صادر دل او کبد سے ہین وہ جز او مرکب کا میلان اغلب اجزا کی طرف ہی اسی سے اکثر لوگ بری اور بہت کم اچہی ہوتی ہین اور اسی لی
قران مجید مین فرمایا ہی کہ قلیل من عبادی الشکور بہت کم ہین میرے بندون مین سے شکر گزار اور وان تطع اکثر من فی الارض یضلوک عن سبیلہ کہ
اگر اطاعت کریگا تو اکثر اون لوگون کے کہ جو زمین مین تو وہ بہٹکا دینگے تجہے اوس کے راہ سے اور یہ بدیہی ہی لوگون کے حال سے راہ چلنے مین
یا سر راہ بیٹھے لوگون کا تماشا تو دیکھنا چاہیے کہ ایسے تو بہت دکہائی دینگے کہ جو اکڑتے اور ریزے لگے ہوئے نیچے ان کے بہل منہ بہون پر تاؤ دیتے ہوئی
چلین اپنے شیخی کے وجہ سے جو غصہ کی شاخ ہی یا تماشی بین اور بوالہوس اور خواہشی لوگ بہت دکہائی دینگے جنہین بل اپنی زور کا یا گہمنڈ جوانی
اور روپیہ کا ہی جو جڑ خواہشونکی ہی حالانکہ غصہ خاص انسان کے صفت نہین بلکہ درندون مین اوس سے بڑہی ہوئی ہی اور اسیطرح خواہش بہائم
کی کہین زیادہ ہی آدمی کی خواہش سے پس مجہے بڑے حیرت ہی کہ بانکی لوگ کاہی پر اتنے شیخی کرتے ہین کیا بہیڑیا اور شیر حیوانی غصہ مین ایسے
زیادہ نہین اور تماشبین لوگ کاہی پر ناز کرتے ہین کیا وہ جو اصل سے زیادہ کہا سکتے ہین یا سور اور بیل سے زیادہ طاقت ہمبستری
کی عورتون سے رکہتے ہین اور ایسے بہت کم نکلینگے اور النادر کالمعدوم بلکہ معدوم کہ جنہین ناز اپنی عقلمندی اور سمجہداری پر ہو جو خاص
صفت اون کے اور خدا کے نعمت اونپر ہی اور ایسے کہ جو ہر ادنی و اعلی بات مین اخلاقی عقل کے پابند ہون اور کبہی کسے کام مین خواہش اور
غصہ کے متلب نہون تو کبہی خواب مین بہی نہ دکہائی دینگے مگر سارے کے دو چار آدمی اخلاقی حکمت کے پیشواؤن مین مثل حضرت حکیم لقمان
یا شاید حکیم سقراط کہ اونہون نے بہی ایک موقع پر اپنے شاگرد ارسطو سے فرمایا تہا کہ تم جو حکمت سے جان عزیز کر نیکا مشورہ دیتے ہو تو یہ تو نا ثابت
کرو کہ یہ عقلی کام ہی ورنہ تم خوب جانتے ہو کہ سقراط وہ شخص ہے کہ ابتدائے سن تمیز سے مینے کوئی خواہش یا غصہ کے بات نہین کی پس اب آج
مین کیونکر اپنی قدیم کیفیت سے ٹل سکونگا مگر انسے بہی بہولی چوکے عقل کے مقتضا سے تجاوز اور خواہش یا غصہ کے پیروے ممکن ہی مگر لقمان
اگر نبوت انکے مسلم ہو جیسا کہ اقرب ہی اور ان اخلاقی حکیمون سے بڑہ کے رتبہ پیمبرون اور اماموں کا ہی کہ اون سے بہولے چوکے بہی خطا نہیں
ہوتی اور وہ عقل مجسم اور فیض مجسم ہین اور بڑا اوصاف لیتے ہین عقل کی پابندی اور طرفداری کا اور غصہ اور خواہش کے برخلافی اور ضد کا
اور اس درجہ کو دو امر لازم ہین ایک خدا کے تائید کہ وہ معدن فیض ہی اور یہ ذریعہ او سکے فیضرسانی کا خلق خدا تک ہوتے ہین
اور یہی باعث معجزون وغیرہ کے انسے ظاہر ہونیکا اگرچہ بغیر معجزہ و بشارت و پیشین گوئی وغیرہ ممکن ہی جانچ لینے کا اونکے امامت و نبوت

وغیرہ کچھ اخلاقی گرون سے جو اونکے چال چلن مین پائی جاتی ہین یا اونکے کلام مین اور جیسا کہ یوزآسف کے نبوت کا گمان کیا گیا
بغیر اونکے معجزون کے تو آتا یا اونپر کسے نقص وغیرہ ہونیکے دوسرے خلق کا دشمن ہوجانا اونکے پابندی غصہ و خواہش کیوجہ سے اور
اونکے مانع آنیکے سبب سے اور جو یہ اونکے برخلاف کرتے ہین اپنا عہدہ پورا کرنے کے لئے تو وہ ضدی مزاج سمجھے اور زیادہ ہٹ اور ضد کرتے
چلی جاتے ہین اور روز بروز اور دن بدن آپس مین عداوت ہی بڑہتی چلی جاتی ہی اور طرح طرح کی ایذاے مال اور جان اور آبرو اور اہل
عیال اور اولاد کے طرف سے اور مثال حجت خدا کے اونکے درمیان مین اوس اوستاد کے ہوتی ہی کہ جو نادان زور اور بد لڑکون مین
پہنس جائے اور کھانا وغیرہ اوسکا اونکے ہاتہ پڑے تو اگر وہ تعلیم و تنبیہ مین کوتاہی کرے تو اوس کے عہدہ مین تنگی اور اگر تعلیم و تنبیہ کرے تو وہ
اوسے ستائن اور دہکائین اور طرح طرح کی ایذائین دین اور خدا بہی اس حجت خدا کی آزمانی کو اور خدائی کا داہمہ اونکے طرف سے
ہٹانے کو کہ لوگ اوس کے ایسے عاجزی دیکہکر اوسے بندہ جانین اور اوسکے معجزون سے اوسے خدا نہ کہنے لگین اور تاکہ اونکے
اور جوہر کہلتے جائین جب اون مصیبتون مین تزلزل نہ کرین اور اپنی آئین اخلاق و ناموس اور حقانیت پر اوس کٹھن وقت
مین بہی ثابت قدم رہین اسلئے کہ بے رگڑے جانیکے پتہر پر کیسی سرو ہی کی کیونکر جوہر کہلینگے اور بغیر تا دینے کے کیونکر اوسکا کندن
معلوم ہوگا اور بے جلے ہوے کیونکر اگر کے لپٹ اور جہک پہیلے گے اور بغیر پسے اور گہسے ہوے کیونکر صندل یا کیسر کی خوشبو نکلینگے
اور اسی استحقاق کے وجہ سے مرتبہ شفاعت کبری اور بے انتہا اور از حد ثواب کے اور عالی مرتبون اور مقام محمود کے مستحق ہون آخرت مین اور پہر
طور ایسے معجز نما اور مویدمن اللہ اور اخلاق لوگون کا کہ جو فیض ناموس و اخلاق کی پہیلانی پر اور اوسکے گرون کے پابندی پر مٹ مٹے ہون اور اس
آئین کے برتنی مین جنہون نے اپنے مال اور آبرو اور جان تجدی ہو ایک پاک مسلسل سلسلہ ہی ایک کے بعد دوسرا گویا کہ وہ گندہی ہوئی موتیون کا
دو لڑا یا لڑی ہی کہ جسکے ابتدا حضرت آدم سے ہی اور انتہا جناب رسالتماب اور اونکے اہلبیت پر ہی پس زیارت حضرت امام حسین میں ذکر سیکڑون کا
اشارہ ہی اسطرف کہ یہ شہید اوسی سلسلہ پاک میں ہیں اور یادگار رہے راہ خدا کی مصیبت زدا ونکے جیسے دستور ہی کہ مصیبت کی وقت ہم درد کا
خیال آتا ہی اور اوسمے داد چاہی جاتی ہی اور تمہید ہی اسکے کہ کوئی نادان انکے منقصت شان اسمین نہ سمجھی اور اسے محمول نادانی کی پر نہ
کرے بلکہ عقلی موت جانے اونکے موتونکے طرح اور یہ سمجھی کہ یہی زیادہ قابل اسکے ہین کہ انکے صف ماتم عاقل لوگ بچھائین اور انکا عقلی
سوگ رکہین کہ انکی لہلہاتی ہوے جانین اسی آئین ناموس و اخلاق عقلی کے پابندی و حمایت مین تلف ہوئین پس کتنا سے وہ سرکش سیاہ
اس مصیبت مین برہنہ نہو - اگر امام حسین سے خدا کے پیارے کے غم مین تو ہر کس مصیبت مین ہوگا کیا ماں باپ کے لئے ہوگا کیا بہائی قرابت اور عقل کے راہ سے زیادہ اعتبار نہین رکہتے
حالانکہ حکمت اخلاق مین ثابت ہوچکا ہی کہ استاد اور ہادی کا حق خدا کے حق سے کم اور ماں باپ کی حق سے بڑہا ہوا ہی اور بہوٹ جائے وہ آنکہ
کہ جو اس مصیبت پر نہ روئے اور بہری ہو جائین وہ کان کہ جو اس غم کے اواز سننی کو دو بہر رکہین اور فنا ہو وہ دل کہ جو اس صدمہ پر
نکڑے ہی اور اسے وجہ سے مدار مصیبت و غم کا دانائی اور لیاقت اور فیض وغیرہ پر رہا ہی اور خوش کرداری پر نہین تو مرنے کو کیا کہ جیلین چوہے
بلی نہین مرتے لیکن کون اونکے صف بچہائیگا اور کون اونکا تیجا یا چالیسوان یا برسی وغیرہ کریگا اور آدمی کے لیئے یہ سب کچھ کیا جاتا ہی
عقلی قدردانی کے وجہ سے کہ جو اخلاق کی راہ سے بہت ضروری بات ہی اسی طرح آدمیون مین جیسے نیکون کا غم ہوگا وہ بد ونکا کیونکر
ہونے لگا یا جیسا ناموسی حاکمون کا صدمہ ہوگا وہ سیاست مدن کے حاکمون کا کیون ہونے لگا دیکہو کیسے کیسے ہفت اقلیم کے بادشاہ مر گئے

اور کیسے کان پر جون بھی نہین رینگتی اور ناموس عالمون نہ استقلال سے متزلزل ہوجاتا ہے اور ہمارے تون اوسکا اثر رہتا ہے دیکھو یزید مر گیا اپنی اور
عرفی سلطنت اور دولت وصولت پر تو کیسے یہ بھی نہ جانا کہ کتا مرا یا بلی یا ان جناب وہ جیتا تھا تولایح یاد سے اوسکے مونہ دیکھکے سب چپ ہوتے ہو
اور ہمارے حضرت کے غم مین جو اثر ہے وہ آج تک تازہ ہے کہ غیر مذہب مصیبت بھی اوسکی قدر کرتے ہین ہندو نکو دیکھئے کہ کسقدر تعزیہ داری مین اہتمام
کرتے ہین خصوصا ان اطراف کے لوگ سیر و کے اور تہانے مین کیا صرف کنیہ اور زحمت تعظیم کرتے ہین اور زیر سیر یعنے اپنی اولاد ون کے
نامون کے ساتھ حسن حسین کرتے جاتے ہین کہ وہ اپنے عقیدہ مین انکے ہی اس کار نمایان کیوجہ سے انہین بھی اوسی قسم کا محترم جانتے ہین
ایک سے الفت اور وجاہت اپنی انسے ظاہر کرتے ہین بیایافتہ اور اسکی بھی قدر دانی اور محبت اور دردا سے مظلوم حقیقی کی وجہ برکتین اور
مرادین پاتی ہین اسی وجہ سے روز بروز اسکی ابھی تک آج کو ترقی ہوتی جاتی ہے یہ خدا کا کارخانہ ہے اور نیک چلن کا اثر ہے کتب بینی مین
جب مینی اسرار الشہادہ دیکھی تو اوسمین ایک شخص کی حکایت دیکھی کہ سینہ اوسکا آگ سے نہ جلا اور تفتیش کے بعد معلوم ہوا کہ وہ حضرت کا ماتم
کیا کرتے تھے اور چھاتی کوٹتے پیٹتے تھے اس غم مین تو مجھے بڑا تعجب ہوا کہ جناب ملا آغا صاحب دربندی ایسے ناواقف ہندو نکے مذہب تعصب
سے تھے کہ اونہون نے یہ سنی سنائی بات اپنی کتاب مین لکھدی مگر اس عظیم آباد وغیرہ کے ہندو ونکا حال دیکھکے مجھے اپنے اوس تعجب
پر تعجب ہونے لگا اسلئے کہ بکثرت اونہین رنج کرتے ہوئے اور ماتم کرتے ہوئے اور تعزیہ داری کرتے ہوئے دیکھلیا اور اسی مقام سے معلوم
ہوا کہ ناموس سلطنت دلکی سلطنت ہے اور سیاست مدن اعضاد جوارح ظاہری کی اور اسی لیے جب سفر عراق مین جناب امام حسین
نے ابو فراس سے پوچھا کہ کوفہ کا کیا حال ہے تو اوسنے کہا کہ دل تو کوفہ والون کے آپکے ساتھ ہین اور تلوارین بنی امیہ کے ساتھ یعنے دل
سے تو وہ آپہی کے طرفداری چاہتے ہین کہ دلین انکے آپہی کی حقیت اور محبت کہی ہوئی ہے لیکن صولت ودولت یزید کے لحاظ
سے اور بنی امیہ وغیرہ کے خوف و دہشت سے ظاہر مین اونہین کا ساتھ دیتے ہین اور یہ کہ جو نسبت دل کو سب اعضا سے ہے کہ وہ اونکا
رئیس ہے اسیطرح سے ناموس کی ریاست سیاست مدن کی ریاست سے بدرایج بڑہکی ہے اور بادشاہت کی بھی بادشاہ ہے اسیلئے قران
مجید مین فرمایا ہے کہ ابراہیم وآل ابراہیم کو ہمنے بڑی حکومت دی یعنے ناموس کہ سیاست مدن بھی جسکے ماتحت ہے اور تفصیل اس اجمال کی
حاشیون سے اردو ترجمہ قران کے یا ملحق حیدری وغیرہ سے دریافت کرنا چاہئے اور اسمین پر سادیتا ہے اون پیمبرون اور خدا کے ولیونکو کہ یہ حضرت او
سلسلہ پاک سے ہین بلکہ افضل اونمین سے اکثر بزرگوارون سے ہین اور برہان اس کے ایک اخلاقی قاعدہ پر موقوف ہے اور وہ یہ ہے کہ
فعلیت خلق وصفت کے معتبر ہے اور اوسکے قوت وشان سے اگرچہ قوت قریبہ بھی ہو اور اسکا استنباط قواعد ناموس پاک سے بھی ممکن کہ نیت
عمل اگرچہ ثواب عمل رکھنے ہے لیکن دسگنا ثواب جو مرتب نفس عمل پر کیا گیا ہے وہ کبھی اوسکے نیت پر مترتب ہوگا اور اسیطرح گناہ کا مواخذہ
اوسکے نیت سے نہین ہوسکتا اور اس راہ سے کہہ سکتے ہین کہ حضرت افضل اکثر انبیاء و مرسلین سے ہین اسلیئے کہ اگرچہ وہ حضرات کمالات ظاہری
و باطنی وعصمت وغیرہ کے وجہ سے آمادہ ہر کہ اگر ایسی آفت مین پہنسے تو ضرور ضرور ہی بہ صبر و بپابندی شرع اسی طرح بہ فرماتی لیکن شاید
اس درجہ اکمل پر اوسی نہ پونہچا سکتی اگرچہ درجہ کامل پر ضرور پہونچا دیتے اور بالغرض اگر ایسے ہی اکمل درجہ پر پہونچا سکتی تو فقط پہونچا سکتی اور
ہمارے حضرت نے تو پہونچا دیا ہے سو ہین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا نہ رہی جناب رسالتماب اور آئمہ اطہار تو یہ سب نور واحد ہین اور کمالات
ظاہری و باطنی مین ایک دوسرے کے قدم بقدم ہان جناب رسالتماب افضل ان سب تھے بے شک و شبہہ تاکہ رتبت فرع کا اصل پر کہ جو خلاف عقل و نقل

ہو لازم نہ آئے ہان باقی اُمر سے اگر حضرت کو اس بنا پر افضل کہین تو عجب نہین اگرچہ بہ نسبت حضرت امیر اور حضرت صاحب الامر کے پہر بہی اسمین اشکال ہے
اور ایک ایسا عمل نہین تو اسمین مزید فکر ہمیدان ضرور نہین بہر طور اگر کوئی مال بہی رکہتا ہو اور بیچا بہی ہو اور نیت بہی داد و دہش کی رکہتا ہو لیکن
سخی جبہی کہلائیگا کہ جب کسیکو دیہی بہی اگرچہ مجازاً اوسپر بہی اطلاق ہو کہ جو قوت قریبہ داد و دہش کی رکہتا ہو اور جن آفتون کا سامنا حضرت کا عہد بالا ونچا
اوسمین یا تبدا ہی آئین کے رہگئی اوسکا عشر عشیر بہی اگلی کسی پیمبر یا کسی سے نہین ہوا پس رتبہ مین بہی وہ سب سے بڑہکر ہو تی ہے لیکن حکیم و عادل ہے
اور یہ ممکن نہین کہ وہ کسی کے عمل کو رائیگان کرے اور اوس کے عزت افزائے اونکی لیاقت ذاتی کی موافق اور مطابق ہوتی ہے۔

۱ یہ زیارت معتبر کتابون مین معتبر سند و نکے ساتھ منقول بہی ہے اور مضامین حق پر اور اخلاق اور ناموس کی گردن پر بہی شامل ہے اور اسمین شان
بہی ایجہکے سے یعنی مراثی ارمیانی کی سے موجود ہے پس اسمین کیا شبہ اعجاز لفظی و معنوی کی نظر سے ۱۲

۲ لطف تو یہ تہا کہ ہم ان سب بیبیون کا مختصر مختصر حال اور اونکے بیٹین گویان موافق احادیث کو معتبر وغیرہ اور ان سبکا حال اور اوس کا ربلا اس سانحہ
جانگزاسی اور ان سب کا سفر مین کربلا پر زحمت پانا اور مصیبت مین شریک ہو جانا اس مقام پر ذکر کرین لیکن قصہ سب کے مشہور ہین اور حاشیوں پر اور ترجمہ
قرآن کے مذکور ہین اور فی الجملہ علم تاریخ وغیرہ متعلق ہین کہ جو کتب بنی کتب اخبار و سیر سے معلوم ہو سکتی ہین اور یہ ایسا کام ہے کہ بہت لوگ اوسی کر سکتے ہین
اور ایسی مشہور باتونکو ہم اپنی پچہلی کتابون مین بجز اجمالی مختصر طور کی ذکر نہین کرتے جو کچہ تفصیل کرتے ہین وہ جدید فائدون کے کہ جس سے علم و معرفت
بڑہی اور دیکہو دیکہے جو مشکل مرحلہ ہین اونمین مین دہنس پڑتی ہین خدا کے بہروسی پر اور اس نیک نیتی سے کہ اگر ہمارے تحقیق ٹہیک ہوئی تو علم بڑہا اور فیض
پہیلا اور اگر چوک گئے تو کچہ معصوم نہین کہ ہمیشہ ہماری رائے صائب اور کبہی خطا ممکن نہو اور حاشا کی ایسی مقام پر احتیاط ترک مین کہین کہ یہ عقلی احتیاط
نہین بلکہ حیوانی غیر عقلی اور حاشا کہ یہ شرع کو پسند ہو کہ یہ تو ایک وسواس کی بات ہے اور ہر شخص کے تکلیف اوسکی لیاقت کی موافق ہے احتیاط محتاطون ہی کی نکالی
حالی محققون کے لیئے ہان غیر عقلی عبارت کبہی نہ چاہی اور باضابطہ رہاہی کہ جب بدل جبر ہو جائیگا تو ماخوذ نہین ہو سکتا اور نہ غلطی مستمر رہیگی اسیلئے کہ اوس
ہو سکنے والی ہی تو جیسا نہ بیان کرتے رہینگے البتہ دلائلی احتیاط ریب وغیرہ کے مقام پر عملی و شرعی ہے محقق اور مجتہد کے لیئے نہ اقوال بلکہ وہ شایان مقلد ہے کہ
اراء مجتہدین اونکے حق مین دلیلین ہین پس اگر عالم ہے دیوار کیطرف بیٹہا رہا تو پہر فیض علم حکمت کہ جو سب فیضون سے بڑہکے ہے مسدود ہوا اور جس معروف
کیلئے عالم ہے جب وہی اوس سے ظہور مین نہ آیا تو کیونکر وہ خدا کو پسند ہوگا اور کیونکر وہ اوسمین برکت دیگا دیکہو بادشاہ کا معروف رعیت پر دریا ہے
پس جب اوسنے ظلم کرکے اپنا فائدہ کہو یا تو اوسکی حکومت عبث ہو گئی اور خدا پر لازم ہو گیا کہ وہ اوس سے انتقام اپنی بندون کی فیضیاب ہونیکا کرے اور سلطنت
اور کو دیدے بخلاف اسکے اگر بادشاہ کا ذرہ گیا تو اس سے فوت تو ماخوذ ہوگا مگر ملک کیون زائل ہونے لگا الغرض جو جسکا کام ہے وہ اوسی کے ذمہ ہے
سے ہر کسے را بہر کارے ساختند اور ایسا ہی حیوانی انکسار ہے اوسکا کہ جو تصنیف کو چہوڑ کے تالیف وغیرہ کو اوسپر مقدم کرے کہ جو اونکے ماتحت کا کام ہے
اونسے مفسدہ عام کیا اس حیوانی حرکت سے اپنے مہارت کہو ئی اپنا ذاتی کام چہوڑ کے اپنے ماتحت کو معطل کیا اور اوسکا لام اٹہا یا چاہیئے اور خیال
خدا کو محروم کیا اون عقلیہ تحقیقون سے کہ جو اس سے ذرا سی مشقت مین ظہور پا سکتی تہین پس یہ ظلم ذوالظلام کی طرف رجوع ہو گیا بالکل یہ ظلامت ہو گیا
ہماری تکلیف کے موافق عمل کرنا ہے اون اشکالون کا جو اس معرکہ مین وارد ہوتے ہین اون اخلاقی اور ناموسی نکتون کا کہ جسپہ فعلی و قولی
امام حسین کی شامل ہین تاکہ جن امام کو تمنی تعیدی اور سے بزرگون سے سنت سمجہے جاتا ہے اونکے تاریخی حالونکو اونمین تو خود [illegible]
آنکہ سی دیکہلو اور سب ہو رہی اونکے علمی اندر [illegible] الکل [illegible]

بیون مین سے اور یہ سمجھو کہ بسنی ہوئی بات کیسی ہی معتبر سے ہو کبھی وہ دلمین ایسی نہ کبھی گی کہ جیسے وہ بات کہب جائینگے کہ جسکا منشا اور بیوا خود
بھی تمہین معلوم ہو جائے پس یہ تکلیف میرے ہی او قصص وحکایات کا پیمبرون کے بیان مینی مورخون اور محدثون پر رکہا اور مصائب کا بیان
